aglasem.com

JKBOSE

Question Paper

2023

pdf download

previous year question papers

jkbose question papers

A–1–X

Roll No.....

Total No. of Questions : 16]

[Total No. of Printed Pages : 15

XARJKUT23

9301–X

URDU

Time : 3 Hours]

[Maximum Marks : 80

حصہ" الف "

۱۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھنے کے بعد اس کے آخر پر دی گئی خالی جگہوں کو اسی سے چن کر مناسب الفاظ سے پُر کیجئے۔ ۵×۱=۵

اونتی ایک خوش مزاج اور ہنس مکھ شخص تھا۔ غریبوں کا تو وہ بہت ہی عزیز دوست تھا۔ اس لئے لوگ اس سے بڑی محبت کرتے تھے۔ بعض لوگ اس سے حسد کرتے تھے اور اس کو چڑھانے اور نیچا دکھانے

کی تاک میں لگے رہتے تھے۔ لیکن اونتی اپنی سوجھ بوجھ سے الٹا انھیں کو قائل کر دیتا تھا۔

(i) اونتی ایک خوش مزاج اور ..... شخص تھا۔

(ii) غریبوں کا وہ بہت ہی ..... تھا۔

(iii) بعض لوگ اونتی سے ..... کرتے تھے۔

(iv) اونتی اپنی ..... سے انھیں قائل کرتے تھے۔

(v) کچھ لوگ انھیں چڑھانے اور ..... دکھانے کے لئے تاک میں رہتے تھے۔

۲۔ درجِ ذیل شعری جز کو غور سے پڑھئے اور آخر پر پوچھے گئے سوالات کے جوابات میں سے درست جواب چن لیجئے۔ ۵×۱=۵

کیا جانے کس خیال میں گُم تھی وہ بے گناہ
نورِ نظر پہ دیدۂ حسرت سے کی نگاہ

جنبش ہوئی لبوں کو بھری ایک سرد آہ

لی گوشہ ہائے چشم سے اشکوں نے رُخ کی راہ

چہرے کا رنگ حالت دل کھولنے لگا

ہر موئے تن زباں کی طرح بولنے لگا

(i) خیالوں میں کون گُم تھا؟

(الف) باپ۔

(ب) ماں

(ج) بھائی۔

(د) بہن۔

(ii) اشکوں نے کس کی راہ لی؟

(الف) ناک۔

(ب) رُخ۔

(ج) پاؤں۔

(د) ہاتھ۔

(iii) کس کو حسرت کی نگاہ سے دیکھا گیا؟

(الف) چاند۔

(ب) سورج۔

(ج) نورِ نظر۔

(د) نورِ چشم۔

(iv) چہرے کا رنگ کیا کھولنے لگا؟

(الف) حالت جان۔

(ب) حالت دل۔

(ج) حسرت۔

(د) حالت حاضر۔

(v) اس نظم کا شاعر کون ہے؟

(الف) اقبالؔ۔

(ب) چکبستؔ۔

(ج) حالیؔ۔

(د) نظیرؔ اکبرآبادی۔

۳۔ دی گئی عبارت کو غور سے پڑھنے کے بعد آخر پر دیئے گئے سوالات کے مختصر جواب لکھئے۔ ۵×۱=۵

ایک بڑھیا جنگل بیابان میں جہاں نہ آدم نہ آدم زاد، ایک بڑے درخت کے نیچے بیٹھی تھی۔ خدا کا کرنا کیا ہوا کہ ان ہی دنوں جاڑا، گرمی اور برسات میں جھگڑا ہوا۔ جاڑا کہتا ہے میں اچھا، گرمی کہتی ہے میں اچھی، برسات کہتی میں اچھی۔ آخر یہ صلاح ہوئی کہ چلو کسی آدم زاد سے پوچھیں۔ ان کا جو ادھر گزرا ہوا تینوں نے کہا لو بھئی

وہ سامنے ایک بڑھیا بیٹھی ہے۔ چلو اس سے پوچھیں۔ سب سے پہلے میاں جاڑے آئے گوری گوری رنگت، سفید لمبی داڑھی، موٹا سا روئی کا دگلہ پہنے خوب اوڑھے لپٹے آئے۔ ان کا آنا تھا کہ بڑی بی کو تھرتھری چھوٹ گئی۔

(i) بڑھیا درخت کے نیچے کہاں بیٹھی تھی؟

(ii) برسات نے کیا کہا؟

(iii) سب سے پہلے کون میاں آئے؟

(iv) بڑی بی کو تھرتھری کیوں چھوٹ گئی؟

(v) آخر پر کس سے پوچھنے کی صلاح ہوئی؟

حصہ "ب"

(الف) درج ذیل الفاظ کو جملوں میں اس طرح استعمال کیجئے کہ ان کی تذکیر و تانیث واضح ہو جائے۔ ۳

(i) تنخواہ۔

(ii) کرایہ۔

(iii) دوا۔

(ب) درج ذیل الفاظ کو جملوں میں اس طرح استعمال کیجئے کہ ان کا واحد یا جمع ہونا واضح ہو جائے۔ ۲

(i) دُکان۔

(ii) جراثیم۔

۵۔ دیئے گئے حروف میں سے صرف دو کی تعریف کیجئے اور مثالیں بھی دیجئے۔ ۵

(i) حروف جار۔

(ii) حروف اضافت۔

(iii) حروف عطف۔

۶۔ ہدایات کے مطابق جواب لکھئے۔ ۵×۱=۵

(الف) ''عابد نے راشد کو مارا''

اس جملے میں لفظ ''عابد'' کیا ہے؟

(i) صفت۔

(ii) فاعل۔

(iii) مفعول۔

(iv) نکرہ۔

) رفعت ذہین لڑکی ہے''

اس جملے میں لفظ ''ذہین'' کیا ہے؟

(i) فاعل۔

(ii) صفت۔

(iii) مفعول۔

(iv) فعل۔

(ج) ندیم کتاب پڑھتا ہے"

اس جملے میں لفظ ''کتاب'' کیا ہے؟

(i) فاعل۔

(ii) صفت۔

(iii) مفعول۔

(iv) فعل۔

(د) ''دھوبی کپڑے دھوتا ہے''

اس جملے میں لفظ ''دھوبی'' کیا ہے؟

(i) صفت۔

(ii) فاعل۔

(iii) مفعول۔

(iv) ضمیر۔

(و) ''یہ عبارت پرانی ہے''

اس جملے میں لفظ ''پرانی'' کیا ہے؟

(i) فاعل۔

(ii) صفت۔

(iii) مفعول۔

(iv) فعل۔

۷۔ درج ذیل محاورات میں سے صرف دو کو جملوں میں استعمال کیجئے۔ ۲

(i) آفت کا پرکالا۔

(ii) آگ بگولہ ہونا۔

(iii) پالا پڑنا۔

۸۔ کسی ایک جملے کی ترکیب نحوی کیجئے اور جملے کا نام بھی لکھئے۔ ۴

(i) بشیر نادان ہے۔

(ii) حامد نے روٹی کھائی۔

حصہ "ج"

۹۔ درج ذیل اصناف میں سے کسی ایک صنف پر نوٹ لکھئے۔ ۵

(i) داستان۔

(ii) ڈراما۔

(iii) قصیدہ۔

(iv) غزل۔

۱۰۔ درج ذیل اسباق میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھئے۔ ۵

(i) سیر چوتھے درویش کی۔

(ii) حالی۔

(iii) حسرت۔

۱۱۔ درج ذیل اشعار میں سے صرف تین اشعار کی تشریح کیجئے اور شاعر کا حوالہ بھی دیجئے۔ ۳×۲=۶

(i) پہنچ جو آپ کو تو میں پہنچا خدا تئیں
معلوم اب ہوا کہ بہت میں بھی دور تھا۔

(ii) نہ گورِ سکندر نہ ہے قبرِ دارا
نہ نامیوں کے نشاں کیسے کیسے

(iii) آگے آتی تھی حالِ دل پہ ہنسی
اب کسی بات پر نہیں آتی

(iv) نہ تھا میں معتقد اعجاز کا
بڑی مشکل سے منوایا گیا ہوں

(v) ہم نکل سکتے بھی تو کیوں کر حصارِ ذات سے

صرف دیواریں ہی دیواریں تھیں دروازہ نہ تھا

(vi) پرچمِ امن لئے پھرتے ہیں شہروں شہروں

آستینوں میں چھپائے ہوئے خنجر کتنے

۱۲۔ صرف دو سوالوں کے جواب لکھئے۔ ۵

(i) ملک صادق کون تھا اور شہزادے کے ساتھ ان کا کیا رشتہ تھا؟

(ii) لوگوں کو دھوکہ دینے کے لئے جن کون کون سی چیزیں اپنے پاس رکھتی تھی؟

(iii) پنڈت چندر دھر اپنے پیشے سے کیوں بیزار تھے؟

(iv) خوشامدی میں کیا کیا عیب ہوتے ہیں؟

۱۳۔ صرف دو سوالوں کے جواب لکھئے۔ ۵

(i) اس قصیدے کو شاعر نے ''شہرِ آشوب'' کیوں قرار دیا ہے؟

(ii) مفلسی آدمی کو کس کس طرح سے ستاتی ہے؟

(iii) شاعر کو ہر بات میں کلفت کیوں نظر آتی ہے؟

(iv) وحدت میں کثرت سے کیا مراد ہے؟

۱۴۔ درج ذیل ادبا، اور شعرا، میں سے کسی ایک کے حالات زندگی تحریر کیجئے۔

(i) میر امن۔

(ii) ڈپٹی نذیر احمد۔

(iii) آتش۔

(iv) شاد عظیم آبادی۔

حصہ "د"

۔ اپنے چھوٹے بھائی کے نام خط لکھئے جس میں اسے پڑھنے کے ساتھ ساتھ کھیل کود میں حصہ لینے کی نصیحت کی گئی ہو۔

(یا)

اپنے اسکول کے سربراہ کے نام ڈسچارج سرٹیفکیٹ اجرا کرنے کے لئے درخواست لکھئے۔

دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک پر دوسو (۲۰۰) الفاظ پر مشتمل مضمون لکھئے۔ ۸

(i) کھیلوں کی اہمیت۔

(ii) کووڈ-۱۹(Covid 19) کی تباہ کاریاں۔

(iii) وقت کی پابندی۔

QUESTION PAPERS

GET PREVIOUS YEAR QUESTION PAPERS FOR ALL CLASSES FOR CBSE, ISCSE, ISC AND ALL ALL STATE BOARDS HERE AT AGLASEM.COM

BOARD WISE

- Andhra Pradesh Board Question Papers
- Assam Board Question Papers
- Bihar Board Question Papers
- Chhattisgarh Board Question Papers
- Goa Board Question Papers
- Gujarat Board Question Papers
- Haryana Board Question Papers
- Himachal Pradesh Board Question Papers
- J&K State Board Question Papers
- Jharkhand Board Question Papers
- Karnataka Board Question Papers
- Kerala Board Question Papers
- Madhya Pradesh Board Question Papers
- Maharashtra State Board Question Papers
- Manipur Board Question Papers
- Meghalaya Board Question Papers
- Mizoram Board Question Papers
- Nagaland Board Question Papers
- Orissa Board Question Papers
- Punjab Board Question Papers
- Rajasthan Board Question Papers
- Tamil Nadu Board Question Papers
- Telangana State Board Question Papers
- Tripura Board Question Papers
- Uttarakhand Board Question Papers
- Uttar Pradesh (UP) Board Question Papers
- West Bengal (WB) Board Question Papers